
# ۱۔ ضرورت پر مبنی سرگرمیاں

## (ا) تہذیبی اور عملی دنیا کا تعارف

### ۱؍۱ کمرۂ جماعت کی سجاوٹ (آرائش/ زیبائش)




### میری سرگرمی

پتّوں کے ڈیزائن

رنگولی

- گروہ بنا کر کام تقسیم کریں۔ صفائی کا خیال رکھیں۔ ہر ایک کو کمرۂ جماعت کی سجاوٹ میں حصہ لینے کا موقع دیں۔
- خالی جگہوں پر رنگولی اور پتّوں کے ڈیزائن بنانے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۱ خاص دن




ایک دو تین چار پیڑ لگائیں خوب یار
پانچ چھے سات آٹھ سبز زمیں کے اور ہی ٹھاٹھ

### میری سرگرمی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱/اپریل<br>مہاتما پھلے جینتی | | ۲/اکتوبر<br>مہاتما گاندھی جینتی | |
| ۵/ستمبر<br>یومِ اساتذہ | | ۱۴/نومبر<br>یومِ اطفال | |

- اجتماعی یا جماعتی سطح پر خاص دن کا انعقاد کریں۔
- اپنی اسکول میں منائے جانے والے خاص دن کے نام خالی چوکون میں لکھیں۔

## ۳ء۱ عملی دنیا




## میری سرگرمی

اوپر بتائے ہوئے پیشے کے لیے درکار چیزوں کی تصویریں بناؤ۔

♦ اپنے اطراف کی چھوٹی صنعتوں کا تعارف کرائیں۔

## ۴ء۱ اپنے اطراف کے پیشوں کا تعارف









- تصویروں میں دیے ہوئے پیشوں سے متعلق معلومات دیں۔ مثلاً دستی کرگھے، مشینی کرگھے، اخبار فروش، پھل فروش، پاپڑ اور اچار کی صنعت، گل فروش، مٹی کا کام کرنے والے، درزی، چابی بنانے والے وغیرہ۔

## (۲) آب خواندگی



اگر آسماں پر گھٹا چھائی بچّو !
سمجھ لو کہ برسات پھر آئی بچّو !
ہر اک چیز کو تربتر کر گئی ہے
زمیں ساری ہریالی سے بھر گئی ہے
درختوں پہ کیسا نکھار آ گیا ہے
پہاڑ اور ندی کو قرار آ گیا ہے
بہت خوب ہوتی ہیں بارش میں فصلیں
کہ جان اس سے آتی ہے سوکھی زمیں میں
خدا کا کرم ہے یہ بارش کا موسم
ہے اس کی عطا کا ، نوازش کا موسم

- بارش کے وقت رونما ہونے والے واقعات کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔
- مشاہدہ کے مطابق نظم کے مصرعے بڑھائے بھی جاسکتے ہیں۔

## ۲ء۱ تصویری کہانی / تصویر خوانی



## میری سرگرمی


رنگ بھرو۔

پانی زندگی ہے


♦ تصویر خوانی کر کے پانی اور اس کے استعمال سے متعلق معلومات دیں۔ پانی سے متعلق کہانی سنائیں۔

## ۲.۲ پانی کے ذخیرے







## میری سرگرمی

### پانی لینے کا طریقہ







صحیح عمل پر ✓ اور غلط عمل پر ✗ نشان لگاؤ۔

♦ طلبہ کو بتائیں کہ پانی ذخیرہ کس طرح کیا جاتا ہے اور پانی کا مناسب استعمال کیسے کیا جائے۔

## قدرتی تبدیلیاں









### میری سرگرمی

زمین، پانی، پہاڑ، بیلیں، چرند پرند، انسان، سورج، چاند، ستارے، آسمان اور ریگستان میں سے کسی ایک کی تصویر بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔

◆ قدرتی عوامل اور تبدیلیوں کی پہچان کرائیں۔

41D35J